
Transport for NSW

# روڈ سیفٹی




## اسکول بسوں کے قریب محفوظ طریقے سے گاڑی چلانا

ڈرائیوروں کو متنبہ کرنے کے لیے بسیں نشانات اور جلتی بجھتی ہوئی لائٹوں کا استعمال کرتی ہیں کہ وہ اسکول کے بچوں کو اٹھا رہی ہیں یا اتار رہی ہیں، اور یہ کہ وہاں پربچے سڑک پار کررہے ہیں یا کرنے والے ہیں۔

قانون کے مطابق جب بس کی لائٹیں جل بجھ رہی ہوں توآپ کو بس کی سمت میں 40 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زیادہ کی رفتار سے بس سے آگے نکلنے کی اجازت نہیں ہے - چاہے بس رکی ہوئی ہو یا چل رہی ہو تب بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔

بسیں جلدی نہیں رک سکتیں کیونکہ وہ بڑی اور بھاری گاڑیاں ہوتی ہیں۔ ان میں دوسری گاڑیوں کے مقابلے میں بہت بڑے بلائینڈ اسپاٹس بھی ہو سکتے ہیں۔ تو، یاد رکھیں:

- جب بس کی لائٹیں جل بجھ رہی ہوں تو رفتار کو 40 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کم کردیں، اگراس سے زیادہ کم رفتار کی حد کا اطلاق نہ ہوتا ہو
- ان بچوں پر دھیان دیں جو سڑک پار کررہے ہوں ، یا سڑک پار کرنے والے ہوں
- کبھی بھی بس اسٹاپ یا بس زون میں یا ان کے قریب پارک نہ کریں
- بسوں کو راستہ دیں

**غیر رسمی یا انفارمل اسکول بس اسٹاپ**

دیہی اور ریجنل علاقوں میں اسکول کے بہت سے غیر رسمی بس اسٹاپ ہیں جن پر کوئی نشان یا ان کا کوئی ڈھانچہ نہیں ہوتا ہے، جیسے کہ بس شیلٹرز۔ وہ کسی ڈرائیو وے کے آخر میں یا سڑک کے کنارے پرہو سکتے ہیں، جس سے بچوں کا دکھائی دینا مشکل ہو سکتا ہے۔

جب بس کی لائٹیں جل بجھ رہی ہوں تو رفتارکو40 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کم کردیں، بورڈز پر جو بتایا گیا ہے اس پر عمل کریں، اور سڑک پار کرنے والے بچوں پر نظررکھیں۔ ایک رکی ہوئی بس کی وجہ سے بچوں کے دکھائی دینے میں رکاوٹ آ سکتی ہے، لہذا ڈرائیوروں کو رفتار کم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**بچے آپ سے سڑک کو محفوظ طریقے سےاستعمال کرنے کی عادات سیکھتے ہیں اور جب وہ اکیلے سفر کرنے کے لیے کافی بڑے ہو جائیں گے تو وہ ان عادات کو جاری رکھیں گے۔**

سڑک کے ماحول سے متعلق بچوں کو محفوظ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **safetytown.com.au** پر فیملیز سیکشن دیکھیں

اسٹاک کوڈ 45095378 جون 2024 © ٹرانسپورٹ برائے NSW

NSW کی سڑکوں پر بہت زیادہ جانیں ضائع ہوتی ہیں۔
**ہمارا مقصد انہیں صفر بنانا ہے۔**

TOWARDS ZERO

NSW GOVERNMENT